© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتب

سمیع الحق

اختر راہی

**المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم** | استاذ محمد فواد عبدالباقی مصری
ناشر: سہیل اکیڈمی۔ شاہ عالم مارکیٹ لاہور
صفحات: ۷۸۴ ۔ قیمت سو روپیہ

قرآن کریم کے کسی بھی لفظ آیت یا مضمون کی فہرست (انڈکس) ایک مستقل علم بن چکا ہے۔ اس موضوع پر مسلمان علماء اور یورپ کے مستشرقین نے بڑے پایہ کی کتابیں مرتب کی ہیں۔ مثلاً کاظم بک کی کنوز العرفان اور فلوجل کی نجوم الفرقان اور ممتاز علی دیوبندی کی تفصیل البیان مگر مصر کے مائیہ ناز محقق محمد فواد عبدالباقی کی پیش نظر کتاب جامعیت کے لحاظ سے سب سے مفید ترین کتاب جس کے ذریعہ ہم قرآن کریم کے تمام الفاظ افعال ہوں یا اسماء اور ان کے مشتقات نہایت آسانی سے تلاش کر سکتے ہیں۔ اور ہر مادہ کی متعلقہ آیات اور ان کی مجموعی تعداد بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ لفظ اللہ قرآن میں ۲۶۹۷ دفعہ آیا ہے۔ ۹۸۰ بار مرفوع ۵۹۲ بار منصوب۔ ۱۱۲۵ بار مجرور۔ اسی طرح دیگر تمام الفاظ اور ان کے متعلقات اور ان کی مختلف صورتوں کو جانا جا سکتا ہے۔ اور یہ کہ وہ کس کس آیت میں مستعمل ہوئے ہیں۔ یہ وقیع کتاب اس سے قبل بھی عالم اسلام میں چھپ رہی تھی۔ مگر ہمارے ہاں کی سہیل اکیڈمی نے اسے پہلی بار شائع کیا اور اپنی شاندار روایات کو کاغذ، طباعت، جلد بندی ہر لحاظ سے قائم رکھا۔ اس سے قبل سہیل اکیڈمی، تفسیر ابن کثیر وغیرہ کی طباعت میں بھی اعلیٰ اور عمدہ ذوق کا ثبوت دے چکی ہے۔ پیش نظر کتاب بھی معنویت، افادیت اور ظاہری خوبیوں غرض ہر لحاظ سے ایک شاندار پیشکش ہے۔ (سمیع الحق)

---

**سلاسل طیبہ** | مؤلفہ مولانا حسین احمد مدنیؒ ۔ اضافات جدیدہ قاضی مظہر حسین —— ناشر: مکتبہ عثمانیہ چکوال (میانوالی)۔ طباعت: عمدہ۔ صفحات: ۱۵۶ ۔ قیمت: ۵/ روپیہ مجلد۔ ۲/۵۰ روپیہ بلا جلد۔

سلاسل طیبہ شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ کے ترتیب ہوئے سلاسل طریقت ہیں۔ یہ کتاب ان کی زندگی میں متعدد مرتبہ طبع ہوئی۔ زیر نظر اشاعت میں سلاسل میں خود مولانا مدنیؒ کا نام بھی شامل کیا گیا ہے۔ آغاز میں قاضی مظہر حسین کے قلم سے طویل مقدمہ ہے جس میں توسل فی الدعا کے دلائل، بیعت کے فوائد، مرشد کے اوصاف اور مولانا مدنیؒ کے مختصر سوانح حیات لکھی گئی ہے۔ ناشر نے اپنی طرف سے چند صفحات لکھے ہیں جو نہ لکھے جاتے

© rasailojaraid.com